بسم الله الرحمن الرحيم

40 Rabbana Duas

بسم الله الرحمن الرحيم

1 رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا ۖ إِنَّكَ أَنتَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ﴿١٢٧﴾ البقرة

ہمارے پروردگار تو ہم سے قبول فرما۔ تو سننے اور جاننے والا ہے۔

2 رَبَّنَا وَاجْعَلْنَا مُسْلِمَيْنِ لَكَ وَمِن ذُرِّيَّتِنَا أُمَّةً

اے ہمارے رب ہمیں اپنا فرمانبردار بنا لے اور ہماری اولاد میں سے بھی ایک جماعت

مُّسْلِمَةً لَّكَ وَأَرِنَا مَنَاسِكَنَا وَتُبْ عَلَيْنَا ۖ إِنَّكَ أَنتَ التَّوَّابُ الرَّحِيمُ ﴿١٢٨﴾ البقرة

اپنی اطاعت گزار رکھ اور ہمیں اپنی عبادتیں سکھا اور ہماری توبہ قبول فرما بے شک تو توبہ قبول کرنے والا اور رحم وکرم کرنے والا ہے۔

3 رَبَّنَا آتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَفِي الْآخِرَةِ حَسَنَةً وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ﴿٢٠١﴾ البقرة

اے ہمارے رب! ہمیں دنیا میں نیکی دے اور آخرت میں بھلائی عطا فرما اور ہمیں عذاب جہنم سے نجات دے۔

4 رَبَّنَا أَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَثَبِّتْ أَقْدَامَنَا وَانصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكَافِرِينَ ﴿٢٥٠﴾ البقرة

اے ہمارے رب! ہمیں صبر دے، ثابت قدمی دے اور قوم کفار پر ہماری مدد فرما۔

5 رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَا إِن نَّسِينَا أَوْ أَخْطَأْنَا البقرة

اے ہمارے رب! اگر ہم بھول گئے ہوں یا خطا کی ہو تو ہمیں نہ پکڑنا۔

6 رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَا إِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهُ عَلَى الَّذِينَ مِن قَبْلِنَا البقرة

اے ہمارے رب! ہم پر وہ بوجھ نہ ڈال جو ان لوگوں پر ڈالا تھا۔ جو ہم سے پہلے تھے۔

7 رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهِ ۖ وَاعْفُ عَنَّا وقفة وَاغْفِرْ لَنَا وقفة

اے ہمارے رب! ہم پر وہ بوجھ نہ ڈال جس کی ہمیں طاقت نہ ہو اور ہم سے درگزر فرما اور ہمیں بخش دے

وَارْحَمْنَا ۚ أَنتَ مَوْلَانَا فَانصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكَافِرِينَ ﴿٢٨٦﴾ البقرة

اور ہم پر رحم فرما تو ہی ہمارا مالک ہے، ہمیں غلبہ عطا فرما کافروں کی قوم پر۔

8 رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوبَنَا بَعْدَ إِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِن لَّدُنكَ

اے ہمارے رب! ہمارے دل ٹیڑھے نہ کر دے ہدایت دینے کے بعد اور ہمیں اپنے پاس سے عطا فرما

رَحْمَةً ۚ إِنَّكَ أَنتَ الْوَهَّابُ ﴿٨﴾ آل عمران

رحمت، یقیناً تو ہی بہت بڑا دینے والا ہے۔

9 رَبَّنَآ إِنَّكَ جَامِعُ ٱلنَّاسِ لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ فِيهِ ۚ إِنَّ ٱللَّهَ لَا يُخْلِفُ ٱلْمِيعَادَ ۝٩ آل عمران

اے ہمارے رب! تو یقیناً لوگوں کو ایک دن جمع کرنے والا ہے جس کے آنے میں کوئی شک نہیں، اللہ تعالیٰ وعدہ خلافی نہیں کرتا۔

10 رَبَّنَآ إِنَّنَآ ءَامَنَّا فَٱغْفِرْ لَنَا ذُنُوبَنَا وَقِنَا عَذَابَ ٱلنَّارِ ۝١٦ آل عمران

اے ہمارے رب! ہم ایمان لا چکے پس گناہ معاف فرما اور ہمیں آگ کے عذاب سے بچا لے۔

11 رَبَّنَآ ءَامَنَّا بِمَآ أَنزَلْتَ وَٱتَّبَعْنَا ٱلرَّسُولَ فَٱكْتُبْنَا مَعَ ٱلشَّٰهِدِينَ ۝٥٣ آل عمران

اے ہمارے رب! ہم ایمان لائے، جو تو نے نازل کیا اور ہم نے رسول ﷺ کی مان لی، پس تو ہمیں گواہوں میں لکھ لے۔

12 رَبَّنَا ٱغْفِرْ لَنَا ذُنُوبَنَا وَإِسْرَافَنَا فِىٓ أَمْرِنَا وَثَبِّتْ أَقْدَامَنَا وَٱنصُرْنَا

اے ہمارے رب! ہمارے گناہوں کو بخش دے اور ہم سے ہمارے کاموں میں جو زیادتی ہوئی ہے اسے بھی معاف فرما اور ہمیں ثابت قدمی

عَلَى ٱلْقَوْمِ ٱلْكَٰفِرِينَ ۝١٤٧ آل عمران

عطا فرما اور ہمیں کافروں کی قوم پر مدد دے

13 رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هَٰذَا بَٰطِلًا سُبْحَٰنَكَ فَقِنَا عَذَابَ ٱلنَّارِ ۝١٩١ آل عمران

اے ہمارے رب! تو نے یہ بے فائدہ نہیں بنایا تو پاک ہے پس ہمیں آگ کے عذاب سے بچا لے۔

14 رَبَّنَآ إِنَّكَ مَن تُدْخِلِ ٱلنَّارَ فَقَدْ أَخْزَيْتَهُۥ ۖ وَمَا لِلظَّٰلِمِينَ مِنْ أَنصَارٍ ۝١٩٢ آل عمران

اے ہمارے رب! تو جسے جہنم میں ڈالے یقیناً تو نے اسے رسوا کیا، اور ظالموں کا مددگار کوئی نہیں۔

15 رَبَّنَآ إِنَّنَا سَمِعْنَا مُنَادِيًا يُنَادِى لِلْإِيمَٰنِ أَنْ ءَامِنُوا۟ بِرَبِّكُمْ فَـَٔامَنَّا ۚ آل عمران

اے ہمارے رب! ہم نے سنا کہ منادی کرنے والا با آواز بلند ایمان کی طرف بلا رہا ہے لوگو اپنے رب پر ایمان لاؤ پس ہم ایمان لائے

16 رَبَّنَا فَٱغْفِرْ لَنَا ذُنُوبَنَا وَكَفِّرْ عَنَّا سَيِّـَٔاتِنَا وَتَوَفَّنَا مَعَ ٱلْأَبْرَارِ ۝١٩٣ آل عمران

اے اللہ! ہمارے گناہ معاف فرما اور ہماری برائیاں ہم سے دور کر اور ہماری موت نیک لوگوں کے ساتھ کر۔

17 رَبَّنَا وَءَاتِنَا مَا وَعَدتَّنَا عَلَىٰ رُسُلِكَ وَلَا تُخْزِنَا يَوْمَ ٱلْقِيَٰمَةِ ۗ

اے اللہ! ہمیں وہ دے جس کا وعدہ تو نے ہم سے اپنے رسولوں کی زبانی کیا ہے۔ اور ہمیں قیامت کے دن رسوا نہ کر

إِنَّكَ لَا تُخْلِفُ ٱلْمِيعَادَ ۝١٩٤ آل عمران

یقیناً تو وعدہ خلافی نہیں کرتا۔

18 رَبَّنَآ اٰمَنَّا فَاكْتُبْنَا مَعَ الشّٰهِدِيْنَ ﴿۸۳﴾ المائدہ

اے ہمارے پروردگار! ہم ایمان لائے۔ پس تو ہمیں بھی گواہوں میں لکھ لے۔

19 رَبَّنَآ اَنْزِلْ عَلَيْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ تَكُوْنُ لَنَا عِيْدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا

اے ہمارے پروردگار تو ہم پر آسمان سے کھانے بھرا خوان اتارتا کہ وہ ہمارے لئے اور اگلوں پچھلوں کے لئے عید ہو جائے

وَاٰيَةً مِّنْكَ وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ﴿۱۱۴﴾ المائدہ

اور تیری ایک نشانی بن جائے۔ اے اللہ تو ہمیں روزی دے اور تو بہترین روزی رساں ہے۔

20 رَبَّنَا ظَلَمْنَآ اَنْفُسَنَا وَاِنْ لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا وَتَرْحَمْنَا لَنَكُوْنَنَّ

ہمارے پروردگار بے شک ہم نے اپنی جانوں پر ظلم کیا، اب اگر تو ہمیں نہ بخشے گا اور ہم پر رحم نہ فرمائے گا

مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿۲۳﴾ الاعراف

تو ہم نامراد اور برباد ہو جائیں گے۔

21 رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا مَعَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۴۷﴾ الاعراف

اے ہمارے پروردگار ہمیں ظالم لوگوں کے ساتھ نہ کر دینا۔

22 رَبَّنَا افْتَحْ بَيْنَنَا وَبَيْنَ قَوْمِنَا بِالْحَقِّ

اے ہمارے پروردگار تو ہم میں اور ہماری قوم میں حق حق فیصلہ کر دے

وَاَنْتَ خَيْرُ الْفٰتِحِيْنَ ﴿۸۹﴾ الاعراف

اور سب فیصلہ کرنے والوں سے تو بہتر ہے۔

23 رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَّتَوَفَّنَا مُسْلِمِيْنَ ﴿۱۲۶﴾ الاعراف

اے ہمارے پروردگار ہم پر صبر برسا دے اور ہمیں مسلمانی کی حالت میں اٹھا۔

24 رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۸۵﴾ یونس

اے ہمارے پروردگار تو ہمیں ظالم لوگوں کے لئے فتنہ نہ بنا۔

25 رَبَّنَآ اِنَّكَ تَعْلَمُ مَا نُخْفِيْ وَمَا نُعْلِنُ ۭ وَمَا يَخْفٰى عَلَى اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ

اے ہمارے پروردگار تو خوب جانتا ہے، جو ہم چھپائیں اور جو ہم ظاہر کریں، کوئی چیز اللہ پر پوشیدہ نہیں

فِي الْأَرْضِ وَلَا فِي السَّمَاءِ ﴿٣٨﴾ ابراهيم

زمین کی اور آسمان کی۔

26 رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَاءِ ﴿٤٠﴾ ابراهيم

اے ہمارے رب میری دعا قبول فرما۔

27 رَبَّنَا اغْفِرْ لِي وَلِوَالِدَيَّ وَلِلْمُؤْمِنِينَ يَوْمَ يَقُومُ الْحِسَابُ ﴿٤١﴾ ابراهيم

اے ہمارے پروردگار مجھے بخش دے۔ میرے ماں باپ کو بھی بخش اور دیگر مومنوں کو بھی بخش جس دن حساب ہونے لگے۔

28 رَبَّنَا آتِنَا مِنْ لَدُنْكَ رَحْمَةً وَهَيِّئْ لَنَا مِنْ أَمْرِنَا رَشَدًا ﴿١٠﴾ الكهف

اے ہمارے پروردگار ہمیں اپنے پاس سے رحمت عطا فرما اور ہمارے کام میں ہمارے لیئے راہ یابی کو آسان کر دے۔

29 رَبَّنَا إِنَّنَا نَخَافُ أَنْ يَفْرُطَ عَلَيْنَا أَوْ أَنْ يَطْغَىٰ ﴿٤٥﴾ طه

اے ہمارے رب ہمیں تو خوف ہے کہ کہیں فرعون ہم پر زیادتی نہ کرے یا اپنی سرکشی میں بڑھ نہ جائے۔

30 رَبُّنَا الَّذِي أَعْطَىٰ كُلَّ شَيْءٍ خَلْقَهُ ثُمَّ هَدَىٰ ﴿٥٠﴾ طه

ہمارا رب وہ جس نے عنائت فرمائی ہر ایک کو اس کی خاص شکل پھر راہ بجھادی۔

31 رَبَّنَا آمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَأَنْتَ خَيْرُ الرَّاحِمِينَ ﴿١٠٩﴾ المؤمنون

اے ہمارے پروردگار ہم ایمان لاچکے ہیں تو ہمیں بخش اور ہم پر رحم فرما تو سب مہربانوں سے زیادہ رحم کرنے والا ہے۔

32 رَبَّنَا اصْرِفْ عَنَّا عَذَابَ جَهَنَّمَ إِنَّ عَذَابَهَا كَانَ غَرَامًا ﴿٦٥﴾ الفرقان

اے ہمارے پروردگار ہم سے دوزخ کے عذاب پرے ہی پرے رکھ کیونکہ اس کا عذاب چمٹ جانے والا ہے۔

33 رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ أَزْوَاجِنَا وَذُرِّيَّاتِنَا قُرَّةَ أَعْيُنٍ

اے ہمارے پروردگار بنا ہماری بیویوں اور اولادوں کو آنکھوں کی ٹھنڈک

وَاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِينَ إِمَامًا ﴿٧٤﴾ الفرقان

اور ہمیں پرہیزگاروں کا پیشوا بنا۔

34 رَبَّنَا لَغَفُورٌ شَكُورٌ ﴿٣٤﴾ فاطر

ہمارا رب بہت ہی بخشنے والا اور بڑا ہی قدر شناس ہے۔

35 رَبَّنَا وَسِعْتَ كُلَّ شَيْءٍ رَّحْمَةً وَعِلْمًا فَاغْفِرْ

اے ہمارے پروردگار تونے ہر چیز کو اپنی بخشش اور علم سے گھیر ہے۔ پس تو ان کو بخش دے

لِلَّذِينَ تَابُوا وَاتَّبَعُوا سَبِيلَكَ وَقِهِمْ عَذَابَ الْجَحِيمِ ﴿٧﴾ غافر

جو توبہ کریں اور تیری راہ کی پیروی کریں۔ تو انہیں دوزخ کے عذاب سے بھی بچالے۔

36 رَبَّنَا وَأَدْخِلْهُمْ جَنَّاتِ عَدْنٍ الَّتِي وَعَدتَّهُمْ وَمَن صَلَحَ

اے ہمارے رب تو انہیں ہمیشگی والی جنت میں لے جا جن کا تو نے ان سے وعدہ فرمایا ہے اور جو نیک عمل والے

مِنْ آبَائِهِمْ وَأَزْوَاجِهِمْ وَذُرِّيَّاتِهِمْ ۚ إِنَّكَ أَنتَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ﴿٨﴾ غافر

ان کے باپ دادوں اور بیویوں اور اولادوں میں سے ہیں۔ یقیناً تو تو غالب و باحکمت ہے۔

37 رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِإِخْوَانِنَا الَّذِينَ سَبَقُونَا بِالْإِيمَانِ وَلَا

اے ہمارے پروردگار ہمیں بخش دے اور ہمارے ان بھائیوں کو بھی جو ہم سے پہلے ایمان لاچکے ہیں اور نہ

تَجْعَلْ فِي قُلُوبِنَا غِلًّا لِّلَّذِينَ آمَنُوا رَبَّنَا إِنَّكَ رَءُوفٌ رَّحِيمٌ ﴿١٠﴾ الحشر

ڈال ہمارے دل میں کینہ اور دشمنی ایمان داروں کی طرف سے ۔ اے رب! بے شک تو شفقت و مہربانی کرنے والا ہے۔

38 رَبَّنَا عَلَيْكَ تَوَكَّلْنَا وَإِلَيْكَ أَنَبْنَا وَإِلَيْكَ الْمَصِيرُ ﴿٤﴾ الممتحنة

اے ہمارے پروردگار! تجھ ہی پر ہم نے بھروسہ کیا ہے اور تیری ہی طرف ہم رجوع کرتے ہیں اور تیری ہی طرف لوٹنا ہے۔

39 رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلَّذِينَ كَفَرُوا وَاغْفِرْ لَنَا رَبَّنَا ۖ إِنَّكَ

اے ہمارے پروردگار!

أَنتَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ﴿٥﴾ الممتحنة

بیشک تو ہی غالب حکمتوں والا ہے۔

40 رَبَّنَا أَتْمِمْ لَنَا نُورَنَا وَاغْفِرْ لَنَا ۖ إِنَّكَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ﴿٨﴾ التحريم

اے ہمارے رب! ہمیں ہمارا نور عطا فرما اور ہمیں بخش دے، یقیناً تو ہر چیز پر قادر ہے۔